DEPARTMENT OF QUR' AN AND SUNNAH

UNIVERSITY OF KARACHI
UNIVERSITY ROAD
KARACHI-75270 (Pakistan)
Phone: 9261300-7/2324

Dated: ____________

DR. MUSARRAT JAHAN
INCHARGE

حرفِ اوّل

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

تحقیقی مجلّہ احیاء العلوم کا یہ چوتھا شمارہ ۲۰۰۸ء نہایت ہی ندرت وجدّت کے ساتھ پیش نظر ہے۔ تحقیق وکاوش اس سمندر کی مانند ہے جس کا کوئی کنارہ نہیں۔ لا متناہی موضوعات ایسے ہیں جن پر تحقیق کی ضرورت ہر دور میں رہی عہدِ حاضر تو ایک مشکل دور ہے۔ اس عہد میں اسلامی نکتہ نظر سے مذہبی، معاشی، معاشرتی، سیاسی واقتصادی مسائل کو تحقیقی تناظر میں پیش کرنا اہل علم کے لیے انتہائی ضروری ہے۔ قابل ذکر بات یہ ہے کہ اس شمارے میں ملک کی جامعات کے اہل علم ودانش کے ان مضامین کو شامل کیا گیا ہے جو قارئین کو مذہبی معلومات کے ساتھ ساتھ جدید معلومات بھی فراہم کرسکیں۔ ماہرین کی کمیٹی نے پوری دیانت کے ساتھ مضامین کا انتخاب کیا اور الحمد اللہ اس گلدستۂ تحقیق کو نئی رت عطا ہوئی۔

جملہ قلمی معاونین کی شکرگزار ہوں جنہوں نے علمی مقالات ارسال کر کے معاونت فرمائی نیز سرپرست اعلیٰ عالی جناب پروفیسر ڈاکٹر پیرزادہ قاسم رضا صدیقی، شیخ الجامعہ، جامعہ کراچی، سرپرست پروفیسر ڈاکٹر جلال الدین احمد نوری، رئیس کلیہ معارف اسلامیہ، جامعہ کراچی کی بالخصوص شکرگزار ہوں جن کی ہر قدم پر رہنمائی چوتھے شمارے ''احیاء العلوم'' کے تحقیقی افق پر ظہور کا سبب بنی۔

باری تعالیٰ سے دعا ہے کہ اس کاوش کو قبول فرمائے اور قارئین کے لیے رہنمائی کا ذریعہ بھی بنائے۔ آمین

شکریہ

مسرت جہاں